Website: www.dailyjanoobipunjab.com Email: dailyjpmultan@gmail.com

ملتان سے شائع ہونے والا کثیر الاشاعت اور موثر روزنامہ

ABC CERTIFIED

JPNS

روزنامہ

جنوبی پنجاب

ملتان

پاکستان

چیف ایڈیٹر

حنیف عمران

ایڈیٹر

سیدہ ام لیلیٰ گیلانی

گروپ ایڈیٹر نوید نقوی

جلد نمبر 23 | جمعرات 25 محرم الحرام 1446ھ یکم اگست 2024ء (صفحات 4 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 119



وفاقی محتسب کا حکم پوسٹ آفس نے شکایت گزار کو 1 لاکھ 80 ہزار روپے کے واجبات ادا کر دیئے

حقدار کو اسکا حق دلوانا ہی وفاقی محتسب کی اولین ترجیح ہے: محمود جاوید بھٹی

شجاع آباد (نامہ نگار) شجاع آباد وفاقی محتسب کا حکم پوسٹ آفس نے شکایت گزار کو 1 لاکھ 80 ہزار روپے کے واجبات ادا کر دیئے حقدار کو اسکا حق دلوانا ہی وفاقی محتسب کی اولین ترجیح ہے محمود جاوید بھٹی ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب تفصیلات کے مطابق شجاع آباد شکایت گزار سعد اللہ خان نے وفاقی محتسب کے ریجنل آفس ملتان میں درخواست دائر کی کہ انہوں نے ایک بلڈنگ پوسٹ آفس کو 30 ہزار روپے ماہانہ پر کرایہ پر دی ہوئی ہے، پوسٹ آفس وقت پر کرایہ ادا نہ کرتے ہیں اور نہ ہی یوٹیلیٹی بلز ادا کرتے ہیں 8 ماہ کا کرایہ بھی ادا نہ کیا ہے دفتروں کے چکر لگا کر تھک چکا ہوں جس پر ادارہ وفاقی محتسب میں درخواست دی جس کے بعد ریجنل انچارج محمود جاوید بھٹی نے محکمہ سے جواب طلب کیا، بعد از تفتیش انہوں نے حکم دیا کہ شکایت گزار جس کی والدہ ایک مریضہ ہیں ان کے واجبات روکنے کا جواز ہرگز درست نہ ہے، محمود جاوید بھٹی نے محکمہ پوسٹ آفس کو فوری واجبات ادا کرنے کا حکم صادر کیا جس پر محکمہ نے شکایت گزار کو ایک لاکھ 80 ہزار روپے کا چیک دیا جس پر شکایت گزار نے وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی اور ریجنل انچارج محمود جاوید بھٹی کا بھرپور شکریہ ادا کیا۔۔۔